F.6-4 (Edit)/2022 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Education, Department of Higher Education

Government of India

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:15/08/2022

آزادی کے 75 سال میں ہندوستان کی حصولیابیاں قابلِ فخر: پروفیسر شیخ عقیل احمد

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے زیر اہتمام پرچم کشائی کی تقریب

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی کے زیر اہتمام 75ویں یوم آزادی کے موقعے پر پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر شیخ عقیل کے ذریعے پرچم کشائی کی گئی۔ اس موقعے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آج ہم اپنے وطن عزیز کی آزادی کے 75 سال کی تکمیل کا جشن منا رہے ہیں جو یقیناً تمام ہندوستانیوں کے لیے بے پناہ خوشی اور مسرت کی بات ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس عرصے میں ہمارے ملک نے غیر معمولی کامیابیاں حاصل کی ہیں اور ہر میدان میں ہندوستان نے اپنی شناخت قائم کی ہے۔ اس آزادی کو برقرار رکھنا اور اس کی حصولیابیوں میں اضافہ کرتے رہنا ہم تمام شہریوں کی ذمے داری ہے۔ انھوں نے کہا کہ موجودہ حکومت آزادی کے 75 سال مکمل ہونے پر 'آزادی کا امرت مہوتسو' منا رہی ہے جس کا سلسلہ اگست 2023 تک جاری رہے گا، یہ روایتی معنوں میں محض جشنِ آزادی نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد ہندوستان کی 75 سالہ کامیابیوں سے پوری دنیا کو روشناس کروانے اور ملک کو نئی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے حکومت کی طرف سے کی جانے والی کاوشوں سے باخبر کرنے کے ساتھ نئی نسل کو اپنے ملک کی ہمہ گیر تعمیر و ترقی کے لیے حوصلہ مند و پرجوش بنانا بھی ہے۔ اس کے تحت ہندوستان اپنی کامیاب سفارت کاری کے ذریعے پوری دنیا کو اپنے قریب لا رہا ہے۔ مختلف ملکوں کے ساتھ اپنے علمی اور ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط کر رہا ہے، سائنسی نقطہ نظر کو فروغ دے رہا ہے، ماحولیات اور معیشت کے درمیان توازن برقرار رکھتے ہوئے پائیدار ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کی سمت میں کام کر رہا ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ آزادی کا امرت مہوتسو ہندوستان کی صدیوں پرانی اس ثقافتی وراثت کی نمائندگی کرتا ہے جس کی بنیاد عالمی اخوت، انسانیت نوازی اور بھائی چارے پر ہے۔ پروفیسر شیخ عقیل نے تحریک آزادی میں اردو زبان کے غیر معمولی کردار پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ آزادی کی تحریک کے دوران اردو کے صحافیوں، شاعروں اور ادیبوں نے اپنی منظوم و منثور تخلیقات اور بے باکانہ صحافت کے ذریعے مجاہدین آزادی کے دلوں میں جوش و جذبہ پیدا کیا۔ انھوں نے کہا کہ آج بھی اردو زبان ملک میں اتحاد، یکجہتی، بھائی چارہ اور اخوت کا ماحول قائم کرنے میں اہم رول ادا کر رہی ہے۔ تقریب پرچم کشائی میں کونسل کا عملہ بھی موجود رہا۔

(رابطہ عامہ سیل)